# سگرٹ اور سگرٹوں کی پیکیجنگ - *ٹوبیکو پلین پیکیجنگ ایکٹ 2011* کی تعمیل

## اکثر پوچھے جانے والے سوالات

**تعارف**

یکم دسمبر 2012 سے لازمی ہو چکا ہے کہ آسٹریلیا میں فروخت کی جانے والی، فروخت کیلئے پیش کی جانے والی یا کسی اور طرح فراہم کی جانے والی تمباکو کی تمام مصنوعات سادہ پیکیجنگ میں ہوں اور ان پر صحت کی نئی اور تفصیلی تنبیہات درج ہوں۔ *ٹوبیکو پلین پیکیجنگ ایکٹ 2011* (ایکٹ) اور *ٹوبیکو پلین پیکیجنگ ریگولیشنز 2011* (ریگولیشنز) میں تمباکو کی مصنوعات کی سادہ پیکیجنگ کے تمام تقاضے بیان کیے گئے ہیں، جن میں مندرجہ ذیل تقاضے شامل ہیں لیکن یہ انہی تقاضوں تک محدود نہیں:

- یہ تقاضا کہ تمباکو کی خوردہ فروشی کی مصنوعات Pantone 448C کہلائے جانے والے یعنی مٹیالے گہرے بھورے رنگ اور میٹ فنش کی پیکیجنگ میں ہوں؛
- تمباکو کی مصنوعات اور خوردہ فروشی کی پیکیجنگ پر تمباکو کی صنعت کے لوگو، برانڈ کی تصویروں اور علامتوں، رنگوں اور اشتہاری تحریر کی ممانعت، سوائے برانڈ کے نام اور قسم کے نام کے جن کا سٹینڈر ڈرنگ، پوزیشن، فونٹ سٹائل اور سائز میں ہونا ضروری ہے؛
- تمباکو کی خوردہ فروشی کی پیکیجنگ کے سائز پر پابندیاں؛ اور
- سگرٹوں کی شکل، پیکیجنگ کے ڈیزائن اور سگرٹ کی خوردہ فروشی کی پیکیجنگ میں استعمال ہونے والے میٹیریل پر پابندیاں۔

یہ سوالات اور جوابات سادہ پیکیجنگ کے حوالے سے کچھ اکثر پوچھے جانے والے سوالات کے بارے میں رہنمائی فراہم کرتے ہیں۔ مکمل تقاضے جاننے کیلئے آپ کو ایکٹ اور ریگولیشنز دیکھنی چاہئیں۔

**سگرٹوں کی شکل**

**سوال 1 کیا سگرٹ کے کاغذ پر لکیریں ہو سکتی ہیں؟**

نہیں۔ ریگولیشنز کی رو سے سگرٹ کا کاغذی خول، اور اگر سگرٹ کے کم سلگنے کیلئے بینڈ (lowered permeability band) لگا ہو تو وہ بھی، سفید ہونا ضروری ہے یا سفید کے ساتھ مصنوعی کارک کا سرا بنا ہو (ریگولیشن 3.1.1 )۔ اس کا مطلب ہے کہ سگرٹ کے کاغذ پر لکیریں، مرکزی حصے کے گرد چھلے یا کوئی دوسرے نشانات بنے ہونے کی اجازت نہیں ہے (حروف اور ہندسوں پر مشتمل کوڈ کے علاوہ – دیکھیئے سوال 3)۔ اصطلاح 'مصنوعی کارک کے سرے' کی تعریف ایکٹ کے سیکشن 4 میں اور اصطلاح 'سگرٹ کے کم سلگنے کیلئے بینڈ' کی تعریف ریگولیشن 3.1.1 میں درج ہے۔

**سوال 2 کیا ضروری ہے کہ سگرٹ کے کم سلگنے کیلئے لگایا گیا بینڈ مصنوعی کارک ہی ہو؟**

نہیں، بینڈ سفید بھی ہو سکتا ہے۔ ریگولیشن کی رو سے کاغذی خول، اور اگر سگرٹ کے کم سلگنے کیلئے بینڈ لگا ہو تو وہ بھی، سفید ہونا ضروری ہے یا سفید کے ساتھ مصنوعی کارک کا سرا بنا ہو (ریگولیشن 3.1.1 )۔ اس کا مطلب ہے کہ سگرٹ کے فلٹر والے سرے پر لگا کاغذی بینڈ یا تو سفید ہو سکتا ہے یا براؤن چھاپ والا ہو سکتا ہے تاکہ کارک جیسا نظر آئے۔ کسی دوسری صورت کی اجازت نہیں۔

**سوال 3 کیا سگرٹوں پر حروف اور ہندسوں پر مشتمل کوڈ چھاپا جا سکتا ہے؟**

ہاں۔ ریگولیشنز میں، بعض وضاحتوں کے ساتھ، سگرٹوں پر حروف اور ہندسوں پر مشتمل کوڈ چھاپنے کی اجازت ہے ۔ ریگولیشن 3.1.2 قرار دیتی ہے کہ کوڈ صرف سگرٹ کے نہ جلنے والے سرے کے قریب ایک مخصوص پوزیشن میں صرف ایک دفعہ ظاہر ہو۔ ضروری ہے کہ یہ کالی چھپائی میں، Lucida Sans ٹائپ فیس میں، 8 پوائنٹس سائز سے ہرگز بڑا نہ ہو، اور نارمل ویٹڈ ریگولر فونٹ (عام فونٹ) میں ہو ۔

حروف اور ہندسوں پر مشتمل کوڈ میں تمباکو کا اشتہار اور فروغ ہرگز نہیں ہونا چاہیئے اور نہ ہی کوڈ کے ذریعے اشتہار اور فروغ کے طریقوں تک رسائی ممکن ہونی چاہیئے اور نہ تو یہ سگرٹ کے برانڈ یا قسم کے نام کو ظاہر کرتا ہو اور نہ ہی برانڈ یا قسم کے نام سے کسی طرح کا تعلق رکھتا ہو۔

نوٹ: یہ معلومات صرف رہنمائی کیلئے ہیں اور ان پر قانونی مشورے کی طرح بھروسہ **نہیں** کرنا چاہیئے ۔ یہ تمباکو کی سادہ پیکیجنگ اور صحت کی تنبیہات کے تقاضوں کا مکمل خلاصہ نہیں ہے۔ اگر آپ تمباکو کی سادہ پیکیجنگ کے قوانین کے تحت اپنی ذمہ داریوں کے بارے میں لاعلم ہیں یا تقاضوں کو سمجھنے میں مشکل محسوس کر رہے ہیں تو آپکو اپنے لئے خودمختارانہ قانونی مشورہ حاصل کرنا چاہیئے۔ اس اشاعت میں دی گئی تمام معلومات اگست 2015 میں درست ہیں۔

اس اشاعت کا مواد کاپی رائٹ کے تحت محفوظ ہے۔ *کاپی رائٹ ایکٹ 1968* میں دی گئی اجازت کے مطابق استعمال کے علاوہ کوئی حصہ پہلے کامن ویلتھ سے تحریری اجازت لیے بغیر دوبارہ شائع نہیں کیا جا سکتا۔

**سگرٹوں کے پیکٹوں کی شکل**

**سوال 4 کیا سگرٹ کے پیکٹ کیلئے کوئی کم سے کم یا زیادہ سے زیادہ سائز طے ہے؟**

ہاں۔ جب سگرٹ کے پیکٹ کا انگلی کی ضرب سے کھل سکنے والا ڈھکن بند ہو تو پیکٹ کا سائز اونچائی میں85 ملی میٹر، چوڑائی میں 55 ملی میٹر اور گہرائی میں 20 ملی میٹر سے کم نہیں ہونا چاہیئے۔

جب سگرٹ کے پیکٹ کا انگلی کی ضرب سے کھل سکنے والا ڈھکن بند ہو تو پیکٹ کا سائز اونچائی میں 125 ملی میٹر، چوڑائی میں 82 ملی میٹر اور گہرائی میں 42 ملی میٹر سے زیادہ نہیں ہونا چاہیئے۔

**سوال 5 کیا سگرٹ کے پیکٹ کے اندرونی فریم/'inside lip' کا Pantone 448C نامی رنگ میں ہونا ضروری ہے؟**

ہاں۔ ایکٹ کا سیکشن 4 سگرٹ کے پیکٹ کے 'inside lip'، جسے 'اندونی فریم' بھی کہتے ہیں، کی تعریف یوں کرتا ہے *'پیکٹ کی بیرونی سطحوں کا وہ حصہ جو ڈھکن بند ہونے کی صورت میں نظر نہ آتاہو'*۔ ریگولیشن قرار دیتی ہے کہ اولین اور ثانوی پیکیجنگ کی تمام بیرونی سطحوں کا Pantone 448C نامی رنگ میں ہونا ضروری ہے (ریگولیشن 2.2.1)۔

'Inside lip' پیکٹ کی بیرونی سطح کی تعریف کے تحت آتا ہے اور اس لیے اس کا Pantone 448C رنگ میں ہونا ضروری ہے۔

**سوال 6 کیا سگرٹ کے پیک کے اندر استر ہو سکتا ہے؟**

ہاں۔ سگرٹ کے پیکٹ کے اندر استر ہو سکتا ہے جس کیلئے ضروری ہے کہ یہ سفید پشت والے چاندی رنگ کے فوائل کا ہو۔

جب استر استعمال کیا جا رہا ہو تو استر کی پوری سطح پر باریک نقطے ہو سکتے ہیں یا استر پر ابھرے ہوۓ چوکور خانوں کے نشان بنے ہو سکتے ہیں جو پیکیجنگ کے آٹومیٹک طریقے سے بناۓ جانے، یا تمباکو کی مصنوعات کو پیکیجنگ میں پیک کرنے کے مقصد سے ہوں۔ اگر استر پر ابھرے ہوۓ نشان ہوں تو ان ابھرے ہوۓ نقطوں یا خانوں کا ایک دوسرے سے برابر فاصلے پر، قریب قریب اور یکساں سائز میں ہونا ضروری ہے (ریگولیشن 2.1.3)۔

استر پر ابھرے ہوۓ نشانوں سے کوئی نقش و نگار یا تصویر نہیں بننی چاہیئے (سواۓ اس کے جس کی ریگولیشن 2.1.3 میں اجازت ہے)، نہ کوئی دوسری علامت اور نہ ہی تمباکو کے اشتہار یا فروغ کی صورت بننی چاہیئے۔

**سگرٹوں کے پیکٹوں پر برانڈ یا قسم کا نام ظاہر کرنے کا انداز**

**سوال 7 سگرٹ کے پیکٹ پر کتنی دفعہ برانڈ اور قسم کا نام ظاہر ہو سکتا ہے؟**

سگرٹ کے پیکٹ پر کسی بھی برانڈ، کاروبار یا کمپنی کا نام، یا قسم کا نام کل تین (3) مرتبہ ظاہر ہو سکتا ہے: ایک دفعہ پیکٹ کی سامنے والی، ایک دفعہ اوپر ی اور ایک دفعہ نیچے کی بیرونی سطح پر۔ تینوں سطحوں میں سے ہر ایک پر نام ایک دفعہ سے زیادہ نہ لکھا ہو۔

**سوال 8 کیا برانڈ اور قسم کے ناموں کا انگلش میں ہونا ضروری ہے؟**

نہیں۔ ریگولیشنز قرار دیتی ہیں کہ کوئی بھی برانڈ کا نام، کاروبار کا نام، کمپنی کا نام، یا قسم کا نام Lucida Sans کہلاۓ جانے والے ٹائپ فیس میں چھپا ہو۔ اس لیے انگلش کے علاوہ کسی اور زبان میں کسی بھی برانڈ، کاروبار ، کمپنی کے نام، یا قسم کے نام کیلئے ضروری ہے کہ یہ Lucida Sans ٹائپ فیس میں چھپ سکتا ہو (ریگولیشن 2.4.1)۔

**سوال 9 کیا برانڈ اور قسم کے نام ایک سے زیادہ زبانوں میں لکھے جا سکتے ہیں؟**

ہاں۔ یہ ممکن ہے کہ برانڈ کا نام اور قسم کا نام انگلش میں اور ایک اور زبان میں لکھا ہو تاہم نام کو دونوں زبانوں میں سگرٹ کے پیکٹ کی ایک ہی سطح پر نہیں لکھا جا سکتا۔ مثال کے طور پر ، برانڈ اور قسم کا نام ایک دفعہ انگلش میں اور دو دفعہ کسی اور زبان میں لکھا جا سکتا ہے، لیکن ہر سطح پر صرف ایک مرتبہ (سوال 7 بھی دیکھیں)۔

برانڈ اور قسم کانام تینوں بیان کردہ سطحوں میں سے کسی پر انگلش اور دوسری زبان میں ایک ساتھ نہیں دیا جا سکتا کیونکہ اس طرح پیکیجنگ پر برانڈ اور قسم کے نام چھ مرتبہ ظاہر ہوں گے۔

**سوال 10 کیا برانڈ اور قسم کے نام بولڈ اور/یا تمام کیپیٹل حروف میں ظاہر ہو سکتے ہیں؟**

نہیں۔ ریگولیشنز قرار دیتی ہیں کہ برانڈ اور قسم کے نام نارمل ویٹڈ ریگولر فونٹ میں چھاپنا ضروری ہے۔ اس کا مطلب ہے کہ یہ بولڈ فونٹ میں نہیں ہو سکتے۔

نیز، ریگولیشنز قرار دیتی ہیں کہ ہر لفظ کا صرف پہلا حرف کیپیٹل ہو سکتا ہے اور اس کے علاوہ اور کوئی حرف کیپیٹل نہ ہو (ریگولیشن 2.4.1)۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ پورا نام کیپیٹل حروف میں لکھنے کی اجازت نہیں ہے۔

**سگرٹوں کے پیکٹوں پر دوسرے نشانات کا ظاہر ہونا**

**سوال 11 کیا سگرٹ کے پیکٹ پر حروف اور ہندسوں پر مشتمل کوڈ ابھرا ہوا ہو سکتا ہے؟**

نہیں۔ ایکٹ تمباکو کی مصنوعات کی پیکیجنگ پر ریگولیشنز (پیراگراف 18(1) (a)) کے تحت منظور شدہ صورتوں کے علاوہ ہر قسم کے ابھرے ہوئے نشانات کی ممانعت کرتا ہے۔ ریگولیشنز حروف اور ہندسوں پر مشتمل کوڈ کی صورت میں یا ایسے پوشیدہ نشان کی صورت میں ماخذ کے ایک نشان یا ایک سے زیادہ نشانات کی اجازت دیتا ہے جو ننگی آنکھ سے دکھائی نہ دیں (ریگولیشن2.3.1 )۔ ریگولیشنز لازمی قرار دیتی ہیں کہ اگر ماخذ کا نشان حروف اور ہندسوں پر مشتمل کوڈ ہو تو اسے ***چھاپا*** جائے (ریگولیشن 2.3.2)۔

نیز، ریگولیشنز یہ بھی لازمی قرار دیتی ہیں کہ حروف اور ہندسوں پر مشتمل کوڈ کو Lucida Sans کہلائے جانے والے ٹائپ فیس میں چھاپا جائے اور یہ نارمل ویٹڈ ریگولر فونٹ میں ہو (ریگولیشن 2.3.2)۔ اس کا مطلب ہے کہ اسے بولڈ فونٹ یا 'ڈاٹ میٹرکس' سٹائل میں نہیں چھاپا جا سکتا۔

**سوال 12 سگرٹ کے پیکٹ پر کونسا پتہ شامل کیا جا سکتا ہے؟**

ریگولیشنز (بعض حالات میں) اجازت دیتی ہیں کہ تمباکو کی پراڈکٹ کی پیکیجنگ پر اس شخص کا نام اور پتہ شامل کر دیا جائے جس نے پراڈکٹ کو پیک کیا ہو ***یا*** جس کی جانب سے کسی اور نے پیک کیا ہو (ریگولیشن 2.3.8)۔ یہ شخص مینوفیکچرر یا امپورٹر ہو سکتا ہے۔ پیکٹ پر صرف ایک نام اور پتہ ظاہر ہو سکتا ہے۔ اس کا مطلب ہے کہ اگر مینوفیکچرر اور امپورٹر الگ الگ ہوں تو ان کے نام اور پتے نہیں شامل کرنے کی اجازت نہیں ہے۔

نیز، ***ضروری ہے کہ یہ آسٹریلیا میں کسی جگہ کا پتہ ہو*** جہاں اس شخص کو ذاتی طور پر ایک دستاویز پہنچائی جا سکے۔ یہ پوسٹ آفس بکس کا پتہ نہیں ہو سکتا۔

**سوال 13 کیا سگرٹ کے پیکٹوں اور ڈبوں پر ٹیکس کی مہریں اور ڈیوٹی کی ادائیگی کے نشانات ظاہر ہو سکتے ہیں؟**

نہیں۔ ایکٹ تمام ٹریڈ مارکس اور تمباکو کی پیکیجنگ پر نشانات ظاہر کرنے کی ممانعت کرتا ہے سوائے ان نشانات کے: کسی برانڈ، کاروبار یا کمپنی کا نام، قسم کا نام ، متعلقہ قانونی تقاضے (یعنی صحت کی تنبیہات، آگ لگنے کے خطرے کا بیان، تجارتی وضاحت، اور پیمائشی نشانات)، اور دیگر نشان جس کی ریگولیشنز میں اجازت ہو (سیکشن20 )۔

ریگولیشنز طے کرتی ہیں کہ سگرٹ کے پیکٹوں پر کونسے نشانات کی اجازت ہے (ریگولیشن2.3.1 )۔ ریگولیشنز کے تحت ٹیکس کی مہروں اور ڈیوٹی کی ادائیگی کے نشانات کی اجازت نہیں ہے۔

**مزید معلومات**

**سوال 14 میں سگرٹوں اور سگرٹوں کی پیکیجنگ کیلئے سادہ پیکیجنگ کے تقاضوں کے بارے میں مزید معلومات کہاں سے حاصل کر سکتا ہوں؟**

پیکیجنگ کے تقاضوں کے بارے میں مزید معلومات کیلئے *ٹوبیکو پلین پیکیجنگ ایکٹ 2011* کے سیکشن 18تا 26 اور *ٹوبیکو پلین پیکیجنگ ریگولیشنز 2011* کا حصہ 2 دیکھیں جو www.comlaw.gov.au پر دستیاب ہیں۔ آپ تمباکو کی سادہ پیکیجنگ کے بارے میں www.health.gov.au/tobaccopp پر بھی مزید معلومات حاصل کر سکتے ہیں۔ اس ویب سائیٹ پر دیے گئے مواد کا کئی زبانوں میں ترجمہ کیا گیا ہے۔

**سوال 15 میں سگرٹوں اور سگرٹوں کی پیکیجنگ کیلئے صحت کی تنبیہات کے تصویری تقاضوں کے بارے میں کہاں سے معلومات حاصل کر سکتا ہوں؟**

صحت کی تنبیہات کے بارے میں مزید معلومات کیلئے *کمپیٹیشن اینڈ کنزیومر (ٹوبیکو) انفارمیشن سٹینڈرڈ 2011*دیکھیں جو www.comlaw.gov.au پر دستیاب ہے۔ آپ صحت کی تنبیہات کے بارے میں www.productsafety.gov.au پر بھی مزید معلومات حاصل کر سکتے ہیں۔

**سوال 16 انگلش میری ترجیحی زبان نہیں ہے – کیا مجھے ان معلومات کا ترجمہ مل سکتا ہے؟**

ہاں۔ ان سوالات اور جوابات کا ترجمہ اور تمباکو کی مصنوعات کی سادہ پیکیجنگ کے بارے میں دوسرے معلوماتی وسائل www.health.gov.au/tobaccopp پر دستیاب ہیں۔

**تمباکو کے سپلائرز کیلئے معلومات**

تمباکو کی مصنوعات کے سپلائر کی حیثیت سے یہ آپ کی ذمہ داری ہے کہ آپ یہ آگاہی حاصل کریں اور برقرار رکھیں کہ متعلقہ قوانین کے تحت آپ سے کیا تقاضے کیے جاتے ہیں۔ مزید معلومات مندرجہ ذیل ذرائع سے دستیاب ہیں:

- ویب سائیٹس: www.health.gov.au/tobaccopp اور www.productsafety.gov.au
- *ٹوبیکو پلین پیکیجنگ ایکٹ 2011* جو www.comlaw.gov.au/Details/C2013C00190 پر دستیاب ہے
- *ٹوبیکو پلین پیکیجنگ ریگولیشنز 2011*جو www.comlaw.gov.au/Details/F2013C00801 پر دستیاب ہیں
- *کمپیٹیشن اینڈ کنزیومر (ٹوبیکو) انفارمیشن سٹینڈرڈ 2011*دیکھیں جو www.comlaw.gov.au/Details/F2013C00598 پر دستیاب ہے
- بالخصوص سادہ پیکیجنگ کے بارے میں سوالات (تصویروں اور صحت کی تنبیہات کے علاوہ) کیلئے – تمباکو کی سادہ پیکیجنگ سے متعلق شکایات کی لائن 971 062 1800– یا بذریعہ ای میل ppcomplaints@health.gov.au ۔
- بالخصوص تصویروں اور صحت کی تنبیہات کے بارے میں سوالات کیلئے – آسٹریلین کمپیٹیشن اینڈ کنزیومر (ACCC) انفو سنٹر - 502 302 1300

نوٹ: یہ معلومات صرف رہنمائی کیلئے ہیں اور ان پر قانونی مشورے کی طرح بھروسہ **نہیں** کرنا چاہیئے ۔ یہ تمباکو کی سادہ پیکیجنگ اور صحت کی تنبیہات کے تقاضوں کا مکمل خلاصہ نہیں ہے۔ اگر آپ تمباکو کی سادہ پیکیجنگ کے قوانین کے تحت اپنی ذمہ داریوں کے بارے میں لاعلم ہیں یا تقاضوں کو سمجھنے میں مشکل محسوس کر رہے ہیں تو آپکو اپنے لئے خودمختارانہ قانونی مشورہ حاصل کرنا چاہیئے۔ اس اشاعت میں دی گئی تمام معلومات اگسٹ 2015 میں درست ہیں۔

اس اشاعت کا مواد کاپی رائٹ کے تحت محفوظ ہے۔*کاپی رائٹ ایکٹ 1968* میں دی گئی اجازت کے مطابق استعمال کے علاوہ کوئی حصہ پہلے کامن ویلتھ سے تحریری اجازت لیے بغیر دوبارہ شائع نہیں کیا جا سکتا۔